نعت

امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رحمہ اللہ

یا سید الساداتِ جئتك قاصداً　　ارجو رضاك واحتمی بحماك

اے سرداروں کے سردار! میں آپ ﷺ کی خدمت میں آیا ہوں۔ آپ کی خوش نودی کا امیدوار، آپ کی پناہ کا طلب گار

واللّٰہ یا خیر الخلائق ان لی　　قلباً مشوقاً لا یروم سواك

اللہ کی قسم، اے بہترین خلائق! میرا دل صرف آپ ﷺ کی محبت سے لبریز ہے، وہ آپ کے سوا کسی کا طلب نہیں۔

انت الذی لولاك ما خلق امرء　　کلا ولا خلق الوریٰ لولاك

آپ ﷺ اگر نہ ہوتے تو پھر کوئی شخص ہرگز پیدا نہ کیا جاتا۔ اور اگر آپ مقصود نہ ہوتے تو یہ مخلوقات پیدا نہ ہوتیں۔

انت الذی لما توسل ادم　　من زلة بك فاز وهو اباك

آپ ﷺ وہ ہیں کہ جب حضرت آدم نے آپ کا توسل اختیار کیا۔ اپنی لغزش پر، تو کام یاب ہوئے، حال آں کہ وہ آپ ﷺ کے جد محترم ہیں۔

وبك المسیح اتی بشیراً مخبراً　　بصفات حسنك مادحاً لعلاك

اور آپ ﷺ ہی کے ظہور کی خوش خبری لے کر حضرت مسیح آئے۔ انہوں نے آپ کے حسن و جمال کی مدح وثنا کی اور آپ ﷺ کے مرتبۂ بلند کی خبر دی۔